2021 年 5 月 17 日
ジャング紙ラホール版 1 面

عوامی نیشنل پارٹی کا بیگم نسیم وفات پر 3 روزہ سوگ کا اعلان

پشاور (سٹاف رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا نے اے این پی کے بانی صدر خان عبدالولی خان کی بیوہ اور سابق صوبائی صدر بیگم نسیم ولی کی وفات پر صوبہ بھر میں تین روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے۔ صوبائی صدر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ صوبہ بھر میں پارٹی کی سیاسی سرگرمیاں معطل رہیں گی اور باچا خان مرکز سمیت تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر پارٹی پرچم سرنگوں رہیں گے۔ ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ موربی بی بیگم نسیم ولی خان خیبر پختونخوا کی سیاست میں میں مزاحمت کا استعارہ تھیں، خواتین کی سیاست میں شمولیت کے لئے ان کا کردار تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ جن مشکل حالات میں انہوں نے پارٹی کی بھاگ دوڑ سنبھالی تھی اور جس کامیابی سے وہ پارٹی کو آگے لے کر گئی تھی اس کی نظیر نہیں ملتی۔ ان کی وفات سے پاکستان کی سیاست میں پیدا ہونے والا خلا بہ مشکل پورا ہوگا۔